Reg. No. ....

Name : ....

SY-13

SECOND YEAR HIGHER SECONDARY EXAMINATION, MARCH 2022

Part–II

URDU

Maximum : 80 Scores

Time : 2 ½ Hours

Cool-off time : 15 Minutes

General Instructions to Candidates :

- There is a 'Cool-off time' of 15 minutes in addition to the writing time.
- Use the 'Cool-off time' to get familiar with questions and to plan your answers.
- Read questions carefully before answering.
- Read the instructions carefully.

PART - I

A

1 سے 6 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھیے : **(4 × 1 = 4)**

1. رباعی کا دوسرا نام لکھیے۔

2. 'شاعرِ مشرق' کے نام سے کون مشہور ہے ؟

3. نظم 'آہ امّاں' کے لیے کوئی دوسرا مناسب عنوان تجویز کیجیے۔

4. غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

5. فلم 'مغلِ اعظم' کے کسی ایک کردار کا نام لکھیے۔

6. اسکرین پلے 'مرزا غالبؔ' کا کون سا کردار آپ کو زیادہ پسند ہے ؟

B

7 سے 10 تک کے سوالوں کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھیے : **(4 × 1 = 4)**

7. پسندیدہ کسی ایک غزل گلوکار کا نام لکھیے۔

8. نیچے دیا گیا جملہ زمانہ حال میں بدل کر لکھیے :
'بس دہلی کے علاقے میں داخل ہوئی'۔

9. رباعی میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں ؟

10. آپ کے پسندیدہ کسی ایک اردو اخبار کا نام لکھیے۔

PART - II

A

11 سے 15 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب لکھیے : **(3 × 2 = 6)**

11. فلم 'مغلِ اعظم' میں سے پسندیدہ گیت کے دو مصرعے لکھیے۔

12. اصنافِ شاعری میں رباعی ایک اہم صنف ہے۔ رباعی کی کوئی دو خصوصیات لکھیے۔

13. اردو کے کسی دو رباعی گو شاعروں کے نام لکھیے۔

14. آج کل میڈیا میں کئی طرح کے اردو اشتہارات آرہے ہیں۔ پسندیدہ کوئی ایک اشتہاری جملہ لکھیے۔

15. آپ نے عشق یا محبت کے موضوع پر بہت سے اشعار پڑھے ہوں گے۔ ایسا کوئی ایک شعر لکھیے۔

B

16 سے 18 تک کے سوالوں میں سے کسی 2 کے جواب لکھیے : **(2 × 2 = 4)**

16. گیان پیٹھ ایوارڈ یافتہ کسی دو اردو شاعروں کے نام لکھیے۔

17. اردو کے کسی دو سفرنامہ نگاروں کے نام لکھیے۔

18. نیچے دیے گئے جملے سے حروف چن کر لکھیے :

اپنی مصروفیتوں سے فارغ ہوکر عرفان گھر کی طرف لوٹنے لگا۔

PART - III

A

19 سے 23 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب چار جملوں میں لکھیے : **(3 × 4 = 12)**

19. نیچے دیے گئے شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں

20. ہیلن کیلر کو اپنی پڑھائی میں بہت سارے مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ان مشکلات کو حل کرنے میں آن سلّیون نے کس طرح مدد دی ؟

21. نظم 'وہ تو کوئی اور ہے' کے ذریعے شاعر ہم سے کیا کہنا چاہتے ہیں ؟ اپنے خیالات بیان کیجیے۔

22. سبق 'مسافر ہوں یارو' میں رضاعلی عابدی نے دلّی کے سائکل رکشا والوں کی حالت کس طرح بتائی ہے ؟ لکھیے۔

23. ذیل کی رباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

مٹی سے بنا ہے، دل کو تو سنگ نہ کر
ہر بات پہ معترض نہ ہو، جنگ نہ کر
منظور اگر ہے جا دلوں میں اے دوست
بہتر ہے کہ دشمن کو بھی دل تنگ نہ کر

B

24 سے 25 تک کے سوالوں میں سے کسی 1 کا جواب چار جملوں میں لکھیے : **(1 × 4 = 4)**

24. پسندیدہ کسی ایک غزل گو شاعر کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیے۔

25. سبق 'مسافر ہوں یارو' میں شہرِ دلّی کے حالات بیان کیے گئے ہیں۔ آپ شہر کی یا گاؤں کی زندگی پسند کرتے ہیں ؟ کیوں ؟ اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

PART - IV

A

26 سے 29 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم سے کم چھ جملوں میں لکھیے : **(3 × 6 = 18)**

26. فلم 'مغلِ اعظم' کے کون سے کردار کو آپ زیادہ پسند کرتے ہیں ؟ کیوں ؟ مختصر طور پر لکھیے۔

27. کسی ایک کردار پر نوٹ لکھیے :

(۱) رقاصہ (۲) غالبؔ (۳) حاجی میر

28. ہیلن کیلّر نے اپنی زندگی کے چند اہم تجربات بیان کیے ہیں۔ آپ کی زندگی میں بھی کئی تجربات ہوئے ہوں گے جو کبھی بھول نہیں سکتے۔ ایک اہم تجربہ بیان کیجیے۔

29. آج کل اردو زبان کی مقبولیت بڑھتی جا رہی ہے۔ آپ کے خیالات لکھیے۔

B

30 سے 32 تک کے سوالوں میں سے کسی 2 کے جواب کم سے کم چھ جملوں میں لکھیے : **(2 × 6 = 12)**

30. ذیل کے کسی ایک شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے :

جستجو جس کی تھی اس کو تو نہ پایا ہم نے
اس بہانے سے مگر دیکھ لی دنیا ہم نے

یا

پیارا تھا میں ترا مجھے کیوں چھوڑ کر چلی ؟
بیٹے کے دل کو کس لیے یوں توڑ کر چلی ؟

31. غزل اردو شاعری کی آبرو ہے۔ غزل کی چند خصوصیات لکھیے۔

32. پسندیدہ کسی ایک رباعی گو شاعر کے بارے میں اپنے خیالات لکھیے۔

PART - V

33 سے 35 تک کے سوالوں میں سے کسی 2 کے جواب کم سے کم آٹھ جملوں میں لکھیے : (2 × 8 = 16)

33. آپ نے کئی تفریحی سفر کیے ہوں گے۔ کسی ایک سفر کا تجربہ بیان کیجیے۔

34. آج کل بوڑھے لوگوں کے بہت سے مسائل ہوتے ہیں۔ اس کی وجوہات اور حل چند جملوں میں لکھیے۔

35. فلم 'مغلِ اعظم' کی کہانی آپ کو پسند آئی ہوگی۔ یہ کہانی اپنے الفاظ میں مختصر طور پر لکھیے۔